Soneri Bank

DEBIT CARD APPLICATION FORM

ڈیبٹ کارڈ درخواست فارم

THE MANAGER,
SONERI BANK LIMITED

منیجر،
سونیری بینک لمیٹڈ

Branch برانچ _____

Date: تاریخ (DD/MM/YY) (دن/مہینہ/سال)

Please mark (✔) in the applicable box and fill in the details in BLOCK LETTERS.
Cutting/Alterations (if any) must be authorised by the customer with his/her full signature.

براہ کرم متعلقہ باکس پر (✔) کا نشان لگائیں اور بلاک لیٹرز میں معلومات درج کریں۔
تحریف/تبدیلیاں (اگر کوئی ہوں) تو کسٹمر کو اس کے مکمل دستخط کے ساتھ توثیق کرنا ہوگی۔

DETAILS OF ACCOUNT اکاؤنٹ کی تفصیلات

Account Title اکاؤنٹ ٹائٹل _____

Account No. اکاؤنٹ نمبر

CNIC No. کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ – –

DEBIT CARD REQUEST ڈیبٹ کارڈ کی درخواست

☐ **New Issuance** نیا اجراء ☐ **Replacement** تبدیلی

☐ *PayPak *پے پاک ☐ Visa Classic ویزا کلاسک ☐ Visa Gold ویزا گولڈ ☐ Visa Platinum ویزا پلاٹینم ☐ Visa Signature ویزا سگنیچر

☐ Visa Women ویزا ویمن ☐ Visa Youngster ویزا ینگسٹر ☐ Visa Green Neki ویزا گرین نیکی ☐ Other: دیگر _____

*Default Card as per SBP Domestic Payment Scheme, for use within Pakistan only *صرف پاکستان میں استعمال کیلئے ایس بی پی ڈومیسٹک پیمنٹ اسکیم کے مطابق ڈیفالٹ کارڈ

Currency for Visa Debit Card: ویزا ڈیبٹ کارڈ کیلئے کرنسی ☐ PKR پاکستانی روپے ☐ FCY* only for freelancers, exporter of software, IT & ITeS ایف سی وائے *صرف فری لانسرز، سافٹ ویئر، IT اور ITes کے برآمد کنندہ کیلئے

Name on Card* کارڈ پر درج نام*

*The Name on the Card should be similar to the applicant's name on the Identity Card and it should not exceed 19 characters.

*کارڈ پر موجود نام درخواست گزار کے شناختی کارڈ پر موجود نام کے مطابق ہو اور 19 حروف سے زیادہ نہ ہو

Debit cards are not available for "Iointly Operated" Accounts ڈیبٹ کارڈ "Iointly Operated" اکاؤنٹس کیلئے دستیاب نہیں ہیں

DEBIT CARD OTHER ACCOUNT DETAILS ڈیبٹ کارڈ سے متعلق دیگر اکاؤنٹ کی تفصیلات

	Branch Code برانچ کوڈ	Account No. اکاؤنٹ نمبر
☐ **Account(s) Linking*** *اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) لنک کرنا		
☐ **Account(s) De-Linking*** *اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) ڈی لنک کرنا		

Please input last 4 digits of debit card number. براہ کرم ڈیبٹ کارڈ نمبر کے آخری 4 ہندسے درج کریں

*If any account(s), maintained in Soneri Bank with the same CIF, is to be linked/de-linked with this debit card, please specify account number(s) in the above field.

*اگر سونیری بینک میں اسی CIF کے ساتھ برقرار رکھا گیا کوئی اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) اس ڈیبٹ کارڈ کے ساتھ لنک/ڈی لنک ہونا ہے/ہونے ہیں، تو براہ کرم اوپر دیئے گئے حصے میں اکاؤنٹ نمبر (نمبرز) کی وضاحت کریں۔

Sections not applicable/not filled in, should be marked VOID/Crossed out. سیکشنز جو لاگو نہیں ہیں/نہیں بھرے گئے، انہیں VOID/ کراس آؤٹ کے طور پر نشان زد کیا جانا چاہئے

CUSTOMER DECLARATION/AUTHORIZATION کسٹمر کا اقرار نامہ/اجازت نامہ

- I hereby authorize you to process my above-mentioned request(s) and debit my above-mentioned account for the purpose of deducting of applicable charges as per the Bank's prevailing Schedule of Charges.
- By signing this form, I confirm and undertake that I have read and understood the related Terms and Conditions which are an integral part of the overall Terms and Conditions of the Account Opening Form, which govern the opening and operation of the account, subsequent products and services, a copy of which has been supplied to me. I agree to be bound by the Terms and Conditions that may be amended from time to time by the Bank. I agree and undertake to notify the Bank, if there is a change in any information which I have provided to the Bank.
- I hereby provide my consent to Soneri Bank Limited, a financial institiution, to initiate and respond to Electronic Fund Transfer (EFT) transactions on my account(s) linked to my Debit Card, as applied above, for ATM and Soneri Digital Banking (Internet Banking and Mobile Banking). This consent will remain in effect until I notify the Bank in writing or through any other authenticated means to cancel it in such time as to afford the financial institution a reasonable opportunity to act on it.
- I have read, understood and agreed to abide by the Terms & Conditions stated on the reverse side of this form.

- میں بذریعہ ہذا آپ کو میری مذکورہ بالا درخواست پر کارروائی کرنے اور بینک کے چارجز کے مروجہ شیڈول کے مطابق قابل اطلاق چارجز کی کٹوتی کیلئے میرے اوپر بیان کردہ اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرنے کی اجازت دیتا/ دیتی ہوں۔
- میں اس فارم پر دستخط کر کے اس بات کی تصدیق اور اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے متعلقہ شرائط وضوابط کو پڑھا اور سمجھ لیا ہے جو اکاؤنٹ کھولنے کی مجموعی شرائط وضوابط کا ایک لازمی حصہ ہیں، جن کے تحت اکاؤنٹ کھولا اور چلایا جاتا ہے اور بعد ازاں مصنوعات اور خدمات فراہم کی جاتی ہیں، جن کی ایک کاپی مجھے فراہم کر دی گئی ہے۔ میں ان شرائط وضوابط کی پابندی سے اتفاق کرتا/کرتی ہوں جن میں بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً ترمیم کی جا سکتی ہے۔ میں رضامند ہوں اور اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ میری بینک کو فراہم کردہ کسی بھی معلومات میں تبدیلی کی صورت میں، میں بینک کو مطلع کروں گا/گی۔
- میں بذریعہ ہذا سونیری بینک لمیٹڈ، جو ایک مالیاتی ادارہ ہے، کو باضابطہ طور پر یہ اختیار دیتا/ دیتی ہوں کہ وہ میرے ڈیبٹ کارڈ سے منسلک میرے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) پر، جیسا کہ میں نے مذکورہ درخواست دی ہے، اے ٹی ایم اور سونیری ڈیجیٹل بینکنگ (انٹرنیٹ بینکنگ اور موبائل بینکنگ) کے ذریعے الیکٹرانک فنڈ ٹرانسفر (EFT) ٹرانزیکشنز کرنے کا مجاز ہے۔ میری یہ رضامندی اس وقت تک مؤثر رہے گی جب تک میں بینک کو تحریری طور پر یا کسی دیگر مستعمل ذرائع سے اس کی منسوخی کی اطلاع نہ دوں، اور ایسی اطلاع بینک کو مجاز بنائے کہ وہ اس پر مناسب مدت کے اندر کارروائی کر سکے۔
- میں اس فارم کے پچھلے صفحے پر درج تمام شرائط وضوابط کو سمجھ چکا/چکی ہوں، انہیں پڑھ چکا/چکی ہوں، اور ان کی پابندی کرنے پر مکمل طور پر رضامند ہوں۔

_____
Signature/Thumb Impression of Account holder(s) اکاؤنٹ ہولڈرز کے دستخط/انگوٹھے کا نشان

FOR BANK'S USE ONLY صرف بینک کے استعمال کیلئے

We confirm having checked and verified the eligibility criteria of the customer for debit card after being satisfied with the signature(s) verification, correctness and completeness of the information provided in the form and compliance with all the required procedures and formalities.

ہم دستخط (دستخطوں)، فارم میں فراہم کردہ معلومات کی درستگی اور مکمل ہونے کی تصدیق اور تمام ضروری طریقہ کار اور رسمی کارروائیوں کی تکمیل سے مطمئن ہونے کے بعد ڈیبٹ کارڈ کیلئے کسٹمر کے معیار اہلیت کی جانچ اور توثیق کی تصدیق کرتے ہیں۔

_____
Signature of Counter Services Officer کاؤنٹر سروسز آفیسر کے دستخط

_____
BOM/BM Approval BOM/BM کی منظوری

TERMS AND CONDITIONS

DEBIT CARD

The following terms and conditions constitute a formal agreement between the Bank and the Cardholder, setting out the requirements under which the Card has been issued to the Cardholder. The Cardholder shall be bound by these Terms and Conditions by accepting and using the Soneri Debit Card.

a. Usage of the Card is subject to the terms, policies and procedures that the Bank may adopt or modify from time to time, with prior notice to the Cardholder (whether general, specific or by publication in the Bank's Schedule of Charges).
b. The Cardholder shall pay to the Bank all fees and charges that the Bank may impose from time to time in connection with the Card services.
c. The Bank shall debit the Cardholder's account with any withdrawals/transfer payments, Annual Fee, Issuance Fee, Card Replacement Fee, Excess Limit and all such payments as effected by the use of the Card along with related Bank charges, including taxes levied by the Federal or Provincial Government and all such entries in the account shall be conclusive and binding upon the Cardholder.
d. Once the Card is activated by the Cardholder, it can be utilized at the Bank's various ADC channels for online transactions within Pakistan only. However, in order to activate international/cross border transactions on Soneri Visa Debit Card (only), the cardholder may activate international transactions on his/her Debit Card via Soneri Digital Banking or by calling 24/7 Soneri Contact Centre at 111-SONERI.
e. In order to secure the customer's interest, the Internet and Mobile Banking channels will require separate activation.
f. All non-US Dollar Charges (excluding Pak Rupee Charges) incurred or arising out of the Soneri Visa Debit Card transactions shall be converted to US Dollar at the rate of exchange applicable for such purpose in accordance with the applicable rules or business practice of the Visa. The Cardholder waives any and all rights to dispute or question or challenge any rate of exchange applied.
g. The Cardholder undertakes not to divulge his/her PIN accidentally or otherwise, to any other person. The Cardholder shall indemnify and keep the Bank indemnified and harmless from/and against all losses, damages and costs that may occur as a result of the disclosure of the PIN. The Cardholder shall not pass the Card to any other person and undertakes that he/she shall take every possible care to prevent the Card from being lost, mislaid or stolen and shall be liable for all losses and consequences resulting therefrom. The Cardholder shall notify the Bank immediately if the Card is lost, mislaid or stolen and if the PIN is unwillingly divulged to a third party.
h. The Bank is authorised to act on any telephone instructions that the Bank believes have been given by the Cardholder, where the person giving such instructions enters his/her PIN/TPIN assigned to the Cardholder by the Bank via secured IVR channel.
i. The Cardholder shall at all times remain liable for all the transactions made by the use of the Card. The Bank's record of transaction processed by the Card shall be conclusive and binding evidence for all purposes.
j. In case of any disputed transaction(s), Cardholder must report the matter in writing within 45 days of the relative Statement of Account(s) date to its relevant Branch or Customer Services/Call Centre.
k. To accept the Bank's record of withdrawals through ATM/Cheque Free Banking payment to merchant outlets, transfers and deposits as conclusive and binding for all purposes.
l. The Bank reserves the right to limit cash withdrawals and total purchases amount from an ATM or POS terminal during 24 hrs. period and to advise the Cardholder of such limits.
m. The Bank shall have the right to rectify any error in the entries and reverse any erroneous entries in the account due to any bona fide mistake or malfunction of the ATM/POS. The Bank's record of any transaction generated electronically or otherwise shall be conclusive evidence of such transaction.
n. Whenever the Card is used by the Cardholder for payment of any utility or other bills, the Cardholder shall remain solely liable for any penalty, cost or surcharge which may be levied by the utility or service provider for late payment, irrespective of whether the Cardholder provided adequate notice and proper details to Bank.
o. The Cardholder will not surrender the "Card" to anyone other than the designated Bank Officer at Soneri Bank Limited, only if it is cut through the Magnetic Strip and Chip.
p. These terms and conditions are read in conjunction with the Terms and Conditions of Account Opening and Debit Card provided in the account opening form at the time of account opening, as shall be applicable to the account & updated from time to time.
q. These terms and conditions are subject to rules and regulations, circulars and directives, of the SBP (as may be applicable from time to time) and will be governed by the substantive and procedural laws of Islamic Republic of Pakistan. The courts in Pakistan will have exclusive jurisdiction.

ELECTRONIC FUND TRANSFER

I authorize Soneri Bank Limited, a financial institution, to initiate and respond entries for my account through electronic fund transfers where I avail digital / ADC products including Internet Banking / Mobile Banking / Mobile App / POS / ATM card. This authority will remain in effect until I notify the Bank in writing or any other authenticated means to cancel it in such time as to afford the financial institution a reasonable opportunity to act on it.

I will be auto enrolled for e-disclosure of all my electronic fund transfers transactions, over the counter transactions and other communication by the Bank and will be receiving SMS alerts and monthly periodic statement of all debit/credit transactions on provided mobile number and email address respectively.

Limitations

There may be a maximum three business days period after Soneri Bank Limited processes the request to establish EFT, during which the service will be unavailable to transfer funds to or from my bank account. Thereafter, my use of the EFT service is in most cases subject to minimum and maximum transaction amount limits, which will vary based on the type of Soneri Bank Limited account, channels and payment instruments for which I have opted and established the EFT.

شرائط وضوابط

ڈیبٹ کارڈ

درج ذیل شرائط وضوابط بینک اور کارڈ ہولڈر کے درمیان ایک باقاعدہ معاہدہ ہے/ ہیں، جس کے تحت کارڈ ہولڈر کو کارڈ جاری کیا گیا ہے۔ سونیری ڈیبٹ کارڈ کو قبول کرنے اور استعمال کرنے سے کارڈ ہولڈر ان تمام شرائط وضوابط کا پابند ہوگا۔

الف) کارڈ کا استعمال شرائط، پالیسیوں اور طریقہ کار سے مشروط ہوگا جو کہ بینک وقتاً فوقتاً کارڈ ہولڈر کو پیشگی اطلاع کے بعد تیار کرے گا یا ان میں کوئی ترمیم کرے گا (چاہے وہ اطلاع عمومی، خصوصی یا بینک کے شیڈول آف چارجز میں شامل ہو)۔

ب) بینک کی جانب سے کارڈ سروسز کے عوض وقتاً فوقتاً لاگو ہونے والی فیس اور تمام چارجز کارڈ ہولڈر بینک کو ادا کرے گا۔

پ) بینک کسٹمر کے کھاتے سے نقد رقم نکلوانے/ٹرانسفر پے منٹس، سالانہ فیس، چپ مینٹیننس فیس، کارڈ ریپلیسمنٹ منٹ فیس، ایکسیس لمٹ چارجز اور کارڈ کے استعمال پر تمام ایسے بینک چارجز بمع وفاقی یا صوبائی حکومت کی جانب سے لاگو ٹیکسز منہا کرلے گا اور کھاتے میں ایسے تمام اندراجات حتمی ہوں گے اور کارڈ ہولڈر ان کی پابندی کرے گا۔

ت) کارڈ ہولڈر کی جانب سے جب کارڈ ایکٹیویٹ ہوجائے گا تو پھر یہ بینک کے مختلف اے ڈی سی (ADC) چینلز پر صرف پاکستان میں آن لائن ٹرانزیکشنز کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ تاہم، سونیری ویزا ڈیبٹ کارڈ (صرف) پر بین الاقوامی/سرحد پار ٹرانزیکشنز ایکٹیویٹ کرنے کیلئے، کارڈ ہولڈر سونیری ڈیجیٹل بینکنگ یا 24/7 سونیری ہیلپ لائن 111-SONERI پر کال کرکے اپنے ڈیبٹ کارڈ پر بین الاقوامی ٹرانزیکشنز ایکٹیویٹ کرواسکتا ہے۔

ٹ) کسٹمر مفاد کو محفوظ بنانے کیلئے، انٹرنیٹ اور موبائل بینکنگ چینلز کیلئے الگ ایکٹیویشن درکار ہوگی۔

ث) امریکی ڈالرز کے علاوہ سونیری ویزا کارڈ ٹرانزیکشنز پر لاگو ان امریکی ڈالرز میں چارجز (پاکستانی روپے میں چارجز شامل نہیں) کو کارڈ پر لاگو قوانین یا کاروباری طرز عمل کے مطابق شرح مبادلہ کے حساب سے امریکی ڈالرز میں منتقل کیا جائے گا۔ کارڈ ہولڈر لاگو شدہ کسی بھی یا تمام شرح مبادلہ پر تنازع یا سوال یا اعتراض کے حق سے دستبردار ہوتا ہے۔

ج) کارڈ ہولڈر اقرار کرتا ہے کہ اپنا پن (PIN) حادثاتی طور پر یا دوسری طرح کسی بھی دوسرے شخص کے حوالے نہیں کرے گا۔ کارڈ ہولڈر پن (PIN) کی حفاظت میں ناکامی کے نتیجے میں ہونے والے تمام نقصانات اور لاگتوں سے بینک کو بری الذمہ قرار دیتا ہے۔ کارڈ ہولڈر اپنا کارڈ کسی دوسرے شخص کے حوالے نہیں کرے گا اور اقرار کرتا ہے کہ کارڈ کی حفاظت کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گا تاکہ وہ گم، کسی کے پاس یا چوری نہ ہو اور ایسی صورت میں تمام نقصانات اور حالات کی ذمے داری قبول کرے گا۔ اگر کارڈ گم ہو جاتا ہے، کسی کے پاس چلا جاتا ہے یا چوری ہوجاتا ہے اور پن (PIN) کسی تیسرے فریق پر ظاہر ہوجاتا ہے تو کارڈ ہولڈر فوری طور پر بینک کو مطلع کرے گا۔

چ) بینک ایسی کسی بھی ٹیلی فون پر دی گئی ہدایات پر عمل کرنے کا مجاز ہے جو کہ بینک سمجھتا ہے کہ کارڈ ہولڈر نے دی ہیں جبکہ ایسی ہدایات دینے والا شخص بینک کے محفوظ آئی وی آر (IVR) چینل کے ذریعے بینک کی جانب سے کارڈ ہولڈر کو دیئے گئے اپنے پن (PIN)/ ٹی پن (TPIN) کا اندراج کرتا ہے۔

ح) کارڈ ہولڈر ہر وقت کارڈ کے استعمال سے ہونے والی تمام ٹرانزیکشنز کا ذمہ دار ہوگا۔ کارڈ کے ذریعے ہونے والی ٹرانزیکشنز کے سلسلے میں بینک ریکارڈ جامع اور تمام مقاصد کیلئے حتمی ثبوت ہوگا۔

خ) کسی بھی متنازع ٹرانزیکشن (ٹرانزیکشنز) کی صورت میں کارڈ ہولڈر لازمی طور پر متعلقہ کھاتے کی اسٹیٹمنٹ کی تاریخ کے بعد پینتالیس (45) دن کے اندر تحریری طور پر اپنی برانچ یا کسٹمر سروسز/کال سینٹر کو مطلع کرے گا۔

د) اے ٹی ایم کے ذریعے رقم نکلوانے/ چیک کے بغیر بینکنگ کے ذریعے مرچنٹ آؤٹ لیٹس کو ادائیگی، ٹرانسفرز اور ڈپازٹس کیلئے بینک کا ریکارڈ حتمی ہوگا اور تمام مقاصد کیلئے اس کی پابندی کی جائے گی۔

ڈ) بینک کسی اے ٹی ایم یا پی او ایس ٹرمینل سے 24 گھنٹے میں نقد رقم نکلوانے اور خریداری کی مجموعی رقم کی حد مقرر کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور ایسی حدود سے متعلق کارڈ ہولڈر کو آگاہ کیا جائے گا۔

ذ) بینک کے پاس یہ حق ہوگا کہ وہ اے ٹی ایم/ پی او ایس کی کسی بھی غلطی یا خرابی کی صورت میں کھاتے میں ہونے والے غلط مندرجات کو درست کرے۔ ایسی ٹرانزیکشن کے ثبوت پر بینک کی جانب سے الیکٹرونک یا کسی دیگر طریقے سے پیش کیا جانے والا ریکارڈ حتمی ہوگا۔

ر) یہ شرائط وضوابط، اکاؤنٹ کھولنے کے وقت فراہم کیے گئے اکاؤنٹ اوپننگ فارم اور ڈیبٹ کارڈ کی شرائط وضوابط کے ساتھ ملا کر پڑھی جائیں گی، جو اکاؤنٹ پر لاگو ہوں گی اور وقتاً فوقتاً ان میں ترمیم کی جاسکتی ہے۔

ز) کارڈ ہولڈر کی جانب سے جب بھی یوٹیلیٹی یا دیگر بلز کی ادائیگی کیلئے کارڈ استعمال کیا جاتا ہے تو کسی بھی جرمانے، لاگت یا سرچارج کی ذمہ داری کارڈ ہولڈر پر عائد ہوگی جو تاخیر سے ادائیگی پر یوٹیلیٹی یا سروس فراہم کرنے والوں کی جانب سے لاگو کیے جاسکتے ہیں، قطع نظر اس کے کہ کارڈ ہولڈر نے بینک کو معقول اطلاع اور مناسب معلومات فراہم کی ہوں۔

ژ) کارڈ ہولڈر ''کارڈ'' کسی بھی شخص کے حوالے نہیں کرے گا، سوائے سونیری بینک لمیٹڈ کے نامزد بینک افسر کے، اور وہ بھی صرف اس صورت میں جب کارڈ کو میگنیٹک اسٹرپ اور چپ کے درمیان سے کاٹا گیا ہو۔

س) یہ شرائط وضوابط، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے (وقتاً فوقتاً لاگو ہونے والے) قواعد اور قوانین سے مشروط ہیں اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے انتظامی اور قانونی ضابطوں کے تحت ان پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ پاکستان میں عدالتوں کا ان پر مکمل ضابطہ اختیار ہوگا۔

الیکٹرانک فنڈ ٹرانسفر

میں سونیری بینک لمیٹڈ کو بحیثیت ایک مالیاتی ادارہ یہ اجازت دیتا ہوں کہ وہ میرے کھاتے کے اندراجات بذریعہ الیکٹرانک فنڈ ٹرانسفر شروع کرے اور اس کا جواب دے جہاں میں ڈیجیٹل/ ADC مصنوعات حاصل کروں، بشمول انٹرنیٹ بینکنگ/ موبائل بینکنگ/ موبائل ایپ/ پی او ایس/ اے ٹی ایم کارڈ۔

یہ اتھارٹی اس وقت تک نافذ رہے گی جب تک میں بینک کو تحریری طور پر یا کسی دوسرے مستند ذرائع سے مطلع نہیں کرتا ہوں تاکہ مالیاتی ادارے کو اس منسوخی پر عمل کرنے کیلئے معقول موقع مل سکے۔

مجھے بینک کی جانب سے اپنی تمام الیکٹرانک فنڈ ٹرانسفرز ٹرانزیکشنز، کاؤنٹر پر ہونے والی ٹرانزیکشنز اور دیگر مواصلات کے ای۔ ڈسکلوژر (e-disclosure) کیلئے خود کار طور پر رجسٹر کرلیا جائے گا، اور مجھے فراہم کردہ موبائل نمبر پر ایس ایم ایس الرٹس جبکہ فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر تمام ڈیبٹ/ کریڈٹ ٹرانزیکشنز کی متواتر اسٹیٹمنٹ موصول ہوتی رہے گی۔

حدود

سونیری بینک لمیٹڈ کے ای ایف ٹی (EFT) سروس کی درخواست پر عمل درآمد کے بعد زیادہ سے زیادہ تین کاروباری دن لگ سکتے ہیں، اس دوران یہ سروس میرے بینک اکاؤنٹ سے رقم منتقل کرنے یا وصول کرنے کے لیے دستیاب نہیں ہوگی۔ اس کے بعد، ای ایف ٹی سروس کا استعمال زیادہ تر صورتوں میں کم از کم اور زیادہ سے زیادہ ٹرانزیکشنز کی حدود کے تابع ہوگا، جو میرے سونیری بینک لمیٹڈ اکاؤنٹ کی قسم، چینلز اور وہ ادائیگی کے انسٹرومنٹس جن کے لیے میں نے ای ایف ٹی حاصل کی ہے، پر منحصر ہوں گی۔